فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ اور سندھ انٹر پرائز ڈیولپمنٹ کے درمیان ادارہ جاتی تعاون کا معاہدہ

سندھ انٹر پرائز ڈیولپمنٹ فنڈ (SEDF) اور فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ (FWBL) نے سندھ میں کاروبار سے منسلک خواتین کو رعایتی قرضے فراہم کرنے کے لیے ادارہ جاتی تعاون کے معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔ جناب خضر پرویز سی ای او ایس ای ڈی ایف اور فرسٹ ویمن بینک کے صدر جناب فرخ اقبال خان نے معاہدے پر دستخط کئے۔ یہ تقریب فرسٹ ویمن بینک کے ہیڈ آفس میں منعقد ہوئی، جس میں وزیر اعلیٰ سندھ کے معاونِ خصوصی برائے سرمایہ کاری اور پی پی پی پروجیکٹس جناب سید قاسم نوید قمر نے خصوصی طور پر شرکت کی۔

معاہدے کے تحت فرسٹ ویمن بینک پروجیکٹس کے لیے سرمایہ فراہم کرے گا جبکہ ایس ای ڈی ایف بینک کے فراہم کردہ قرضوں پر مارک اَپ سبسڈی دے گا جو سندھ کی دیہی معیشت کو جدید بنانے کے ساتھ ساتھ خواتین کی مالی شمولیت میں مدد فراہم کرے گا۔